© rasailojaraid.com





محمد رمضان یوسف سلفی

## مطالعہ کی میز پر

# تبصرہ کتب

نام کتاب: سفینہ توحید

مصنفہ: حافظہ مصباح ضیاء

صفحات:327 قیمت: 250روپے صرف

ناشر و ملنے کا پتہ: مکتبہ قدوسیہ رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور۔

توحید کی دولت جسے نصیب ہو جائے وہ دنیا کا سب سے خوش نصیب انسان ہے۔ کیونکہ آخرت میں کامیابی عقیدہ توحید سے وابستہ ہے۔ لیکن افسوس کہ آج دنیا کی اکثریت توحید سے کوسوں دور ہے۔ اسے المیہ کہیے کہ مسلمانوں میں بہت سے لوگ دعویٰ تو اسلام اور مسلمانی کا کرتے ہیں' لیکن ''سواد اعظم'' کی یہ جماعت توحید وسنت سے جس قدر دور اور شرک و بدعت میں کس قدر مبتلا ہے' اس کا مشاہدہ ان لوگوں کے عقائد وافکار اور عمل و کردار کو دیکھ کر بخوبی کیا جا سکتا ہے۔

شرک کی متعدی بیماری نے ان لوگوں کی عقل پر پردے ڈال رکھے ہیں۔ برصغیر کے لوگوں کو دیکھیں تو ان کے بھی وہی عقائد و نظریات ہیں' جو ہندوؤں' بت پرستوں' مشرکوں اور توحید وسنت سے نابلد لوگوں کے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج وطنِ عزیز پاکستان میں مزارات و مقابر اور دیگر مقامات پر کھلے بندوں شرک کا ارتکاب ہوتا ہے اور کوئی اسے روکنے کی جسارت نہیں کرتا۔ جن شرکیہ امور سے اسلام اور پیغمبر اسلام نے اُمت کو سختی سے منع کیا تھا' صد افسوس کہ آج بعض نام نہاد انہی شرکیہ کاموں میں مبتلا ہیں۔



© rasailojaraid.com